وائس چانسلر صاحب کا پیغام

مجھے بے حد خوشی ہے کہ کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ' علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ''معارفِ اسلامی'' کے نام سے ایک علمی وتحقیقی مجلّہ کی اشاعت کا اہتمام کررہی ہے۔

علمی تحقیق وتخلیق' یونیورسٹیوں کے فرائض میں سے ایک اہم فریضہ ہے۔ اس میدان میں ان کی کارکردگی پر ان کے وقار اور عظمت کا انحصار ہوتا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اس شعبے میں جو خدمات سرانجام دے رہی ہے' مجھے امید ہے کہ علومِ اسلامیہ میں ایک علمی وتحقیقی مجلّہ کا اجراء ان میں گراں قدر اضافہ ثابت ہوگا۔

تحریکِ پاکستان کے مقاصد کی تکمیل کا تقاضا ہے کہ اسلام کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے اور نسلِ نو کے سامنے عصرِ حاضر کے نو بہ نو مسائل کا حل اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقلی انداز سے پیش کیا جائے۔

پہلے شمارہ میں ملک کے جن نامور اہلِ علم وفضل' محققین' دانشور اور اساتذہ کے مقالات شامل کیئے گئے ہیں' وہ یقیناً کسی بھی علمی مجلّہ کے لیے باعثِ فخر بھی ہیں اور اس کی کامیابی کے ضامن بھی۔

میری دعاء ہے کہ مجلّہ معارفِ اسلامی نسلِ نو اور اسلامی علوم کے طلبہ کے ساتھ ساتھ مختلف اداروں کی علمی وفکری رہنمائی کا فرض بھی انجام دے۔

میں مجلّہ'' معارفِ اسلامی'' کی کامیابی کے لیے دعاء گو ہوں اور اس کی مجلسِ ادارت کو یقین دلاتا ہوں کہ انھیں ہر مرحلہ پر میرا تعاون حاصل رہے گا۔

میری خواہش ہے کہ مجلّہ کا ظاہری اور معنوی معیار بلند سے بلند تر ہو' اور پوری پابندی کے ساتھ شائع ہوتا رہے۔

خیر اندیش

پروفیسر ڈاکٹر سید الطاف حسین

وائس چانسلر